دوسری سہ ماہی	جماعت: اوّل	مضمون: واقفیتِ عامہ	سبقی منصوبہ بندی: 1
اُستاد کا نام: ______	ہفتہ: 7	تاریخ: ______	وقت: 40 منٹ

سبق کا نام: ہمارا ملک پاکستان

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پاکستان کا جھنڈا بنا سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ پاکستان کے پرچم کے رنگ، چاند اور ستارا کیا ظاہر کرتے ہیں؟

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب، فلیش کارڈ

سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "ہمارا ملک پاکستان" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

پاکستان کا پورا نام کیا ہے؟

پاکستان کے جھنڈے میں کتنے رنگ ہیں؟

پاکستان کے جھنڈے میں سبز رنگ کس کو ظاہر کرتا ہے؟

پاکستان کے جھنڈے میں سفید رنگ کس کو ظاہر کرتا ہے؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ 27 تا 28 سے متن پڑھوائیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔ اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہر ملک کا اپنا جھنڈا ہوتا ہے۔ انھیں بتائیں کہ جھنڈے پر بنی علامتیں اور رنگ کیا ظاہر کرتے ہیں۔

- انھیں پاکستان کے جھنڈے پر بنے چاند اور ستارے کا مطلب بتائیں اور چاند تارے کی اہمیت سے آگاہ کریں۔انھیں بتائیں کہ پاکستانی جھنڈے پر چاند ستارا ہمارے ملک کی ترقّی اور خوشحالی کو ظاہر کرتا ہے۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ اپنے قومی جھنڈے کا احترام کریں اور اپنے ملک کی سلامتی کے لیے ہمیشہ دُعا کرتے رہیں۔
- انھیں بتائیں کہ پاکستان کی طرح دوسرے ممالک کے بھی جھنڈے ہیں۔انھیں سعودی عرب، ایران، چین اور ترکی کے جھنڈے دکھائیں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز کے ذریعے دوسرے ممالک کے جھنڈے دکھائیں اور ان میں دی گئی چند علامتوں اور رنگوں کے بارے میں آگاہ کریں۔

مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ: 5منٹ

الفاظ	پڑھانے کا طریقہ	معانی
اکثریت	اَک۔ثَ۔رِی۔یَت	زیادتی
تعلق	تَ۔عَل۔لُق	واسطہ
ظاہر	ظا۔ہِر	واضح کرنا

اعادہ: 2منٹ

سبق کے اہم نکات کا اعادہ کرائیں۔

جائزہ: 6منٹ

طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 28 پر دوسرے ملکوں کے جھنڈے دکھاتے ہوئے ان کے نام پوچھیں۔

گھر کا کام: 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

سرگرمی برائے طلبہ: 5منٹ

کیا آپ 14 اگست کو اپنے گھروں کی چھتوں پر جھنڈا لگاتے ہیں؟

سبقی منصوبہ بندی:2	مضمون: واقفیتِ عامہ	جماعت: اوّل	دوسری سہ ماہی
وقت: 40منٹ	تاریخ: ______	ہفتہ 7	اُستاد کا نام: ______

سبق کا نام: ہمارا ملک پاکستان

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- یہ جان سکیں کہ ہر ملک کا اپنا ایک جھنڈا ہوتا ہے۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "ہمارا ملک پاکستان" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

پاکستان کے پرچم کا رنگ کیا ہے؟

پاکستان کے پرچم میں سفید رنگ کس کو ظاہر کرتا ہے؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

طریقہ تدریس: 20منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہر ملک کا اپنا پرچم ہوتا ہے۔ جس طرح ہم اپنے پرچم کا احترام کرتے ہیں۔ اِسی طرح ہمیں چاہیے کہ ہم دوسرے ممالک کے پرچم کا بھی احترام کریں۔
- مختلف ممالک کے مختلف پرچم ہوتے ہیں۔ اور ان کے رنگ اور نشانات بھی مختلف ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں نشانات کے خاص معانی ہوتے ہیں جیسے پاکستانی پرچم میں چاند اور ستارا خوش حالی اور ترقّی کو ظاہر کرتے ہیں اُسی طرح دوسرے ممالک میں بھی نشانات اور رنگ مختلف علامتیں ظاہر کرتے ہیں۔

مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ: 5منٹ

الفاظ	پڑھانے کا طریقہ	معانی
نشان	نِ۔ شان	شناخت/علامت

خاص	خاص	منفرد
احترام	اِح۔تے۔رام	عزّت

اعادہ: 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

جائزہ: 6منٹ

طلبہ سے پوچھیں:

پاکستان کا قومی کھیل کونسا ہے؟

گھر کا کام: 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

ورک شیٹ (ہوم ورک)

ملکوں کے نام کو اُن کے جھنڈوں سے ملائیں۔

شام | چِین | تُرکی | مِصر

دوسری سہ ماہی	جماعت: اوّل	مضمون: واقفیتِ عامہ	سبقی منصوبہ بندی: 3
اُستاد کا نام: ____	ہفتہ: 7	تاریخ: ______	وقت: 40 منٹ

سبق کا نام: ہمارا ملک پاکستان

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- یہ جان سکیں ہر ملک کا اپنا جھنڈا ہوتا ہے۔
- یہ جان سکیں کہ پاکستان کے رنگ، چاند اور ستارا کیا ظاہر کرتے ہیں؟

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''ہمارا ملک پاکستان'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

پاکستان کے بانی کا کیا نام ہے؟

پاکستان کب بنا؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

طریقہ تدریس: 25 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 27 تا 28 متن کی پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج وہ سبق کی مشق حل کریں گے۔ سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے ان کے جوابات کاپیوں پر لکھوائیں۔
- سوال نمبر (۲) اور (۳) کتاب پر حل کروائیں۔
- اس کام کے لیے طلبہ کو مقررہ وقت دیں بعد ازاں مکمل ہونے پر کام چیک کریں۔

اعادہ: 2 منٹ

سبق کا خلاصہ پیش کریں۔

جائزہ: **6منٹ**

طلبہ سے متن کے حوالے سے سوالات کریں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

طلبہ پاکستان کے قومی پھول اور پھل کے نام کاپی پر لکھ کر لائیں۔

سرگرمی برائے طلبہ: **5منٹ**

طلبہ کے گروہ بنائیں اور ان سے کہیں کہ قومی علامتوں پر گفت گو کریں۔